آرٹسٹ سی وی اور بائیو گرافی کی آسان ابتدا۔

اس ٹیمپلیٹ کا مقصد آپ کو سوچنے کے لیے اشارے دینا ہے جنہیں آپ الفاظ کا مناسب چناؤ کرتے ہوئے اپنی سی وی اور بائیو میں شامل کر سکتے ہیں۔ آرٹسٹ سی وی عموماً ایک سے دو صفحوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس بات کی یقین دہانی کریں کے آپ کا نام اور رابطے کے لیے دی گئی معلومات سی وی میں اہم و اولین جگہ پر درج ہیں۔

تعلیم: اپنے کالجز کی حالیہ سے گزشتہ فہرست بنائیں۔کالجز کے مکمل اور درست نام لکھیں۔ تاریخوں کے ساتھ ڈگریز کی فہرست بنائیں۔

کام کے تجربے: اپنے متعلقہ کام کی حالیہ سے گزشتہ فہرست بنائیں ۔ اپنے ہر کام کے دو بلٹ پوائنٹس لکھیں جس میں یہ بیان کیا جائے کہ آپ جس عہدے پر فائز تھے وہاں آپ کی ذمہ داریاں کیا تھیں۔ ان میں یہ ظاہر ہونا چاہیے کہ آپ کیا کرنے کے قابل ہیں، آپ کی تکنیکی مہارت کیا ہےاور آپ نے کیا سیکھا۔ اپنے پروجیکٹس درج کریں جن میں آپ کا کام شامل تھا۔

ریزیڈنسیز یا اسٹوڈیو کی مصروفیات، شاگردی۔

نمائشیں (سب کیٹگریز میں گروپ نمائشیں، کیوریشن اور سولو نمائش ترتیب دی جا سکتی ہے): فہرست میں نمائش کا نام ، گیلری کا نام، شہر اور سال حالیہ سے گزشتہ لکھیں۔

کامیابیاں: اس میں گرانٹس، اسکالرشپس اور انعامات وغیرہ شامل کیے جا سکتے ہیں۔

بائیو گرافی عام طور پر 250-300 الفاظ اور سی وی سے لی گئی ہائی لائیٹس کا مجموعہ ہے۔
بائیو گرافی میں آپ کی تعلیم ، آپ کے کام کا طریقہ کار، آپ کے کام کی نمائشیں، ریزیڈینسز، گرانٹس اور انعامات کے حوالے سے معلومات ہوتی ہیں۔

پہلا مسودہ/ڈرافٹ: اپنی بائیو گرافی کا پہلا مسودہ پچھلے صفحے پر دی گئی ہدایات کے جواب میں اوپر دی گئی گائیڈ لائن کی مدد سے تیار کریں۔

کچھ تکنیکی خصوصیات

سی وی ایک سے دو صفحوں میں لکھی جاتی ہے جس میں اہم تجربات کی بنیاد پر ہائی لائٹس دی جاتی ہیں۔ آپ اپنی مکمل سی وی (دو سے زائد صفحوں پر مشتمل) ویب سائٹ پر مہیا کر سکتے ہیں۔

اپنے سی وی کے لیے ایک مستقل ترتیب بنائیں، خاص طور پر تاریخیں ایک ہی زمرے میں ظاہر ہونی چاہئیں۔

اگر آپ کے کام کو ضرورت ہو تو آپ اضافی زمرے جیسے کہ 'پبلی کیشنز'، 'مجموعہ'، 'کمیشنز' یا 'کتابیات' شامل کر سکتے ہیں۔

ذرائع

سی وی ٹیمپلٹ کے ڈیزائنز کے لیے

www.templates.office.com

سی وی لکھنے کے لیے مزید معلومات

www.artquest.org.uk/how-to-articles/artist-cv/

بائیو گرافی لکھنے کے لیے مزید معلومات

www.artworkarchive.com/blog/how-to-write-an-appealing-artist-biography

خبریں، تحقیق اور مزید مواقعوں کے لیے

www.a-n.co.uk